## 5046 ـ بیٹا اسلامی ملك كی طرف ہجرت كرنا چاہتا ہے اور والدین نہیں مانتے

**سوال**

كفریہ ملك سے اسلامی ملك كىطرف ہجرت كرنے كا شوق ركھنے والے شخص پر كیا واجب ہوتا ہے، لیكن اس كے والدین ہجرت نہیں كرنا چاہتے اور اسے بھی منع كرتے ہیں؟
كیا وہ اكیلا ہی ہجرت كر جائے، اس كا مطلب یہ ہوا كہ وہ والدین كو وہیں چھوڑ دے، اس میں كم نقصان ہے، اور پھر اللہ تعالی كی اطاعت میں مخلوق كی معصیت ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

ہم نے یہ سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح بن عثیمین رحمہ اللہ تعالی كے سامنے پیش كیا تو ان كا جواب تھا:

اگر بیٹا اپنے والدین كا محتاج اور ضرورتمند ہے، اور كفار كے ملك میں اپنے دین كے اظہار كی استطاعت بھی ركھتا ہے تو اس صورت میں اس كا وہاں رہنا جائز ہے.